# انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2004ء

مطالعہ پاکستان (لازمی) معروضی طرز

وقت: 20 منٹ (دوسرا گروپ) کل نمبر: 14

اپنا رول نمبر اور معروضی پرچہ کے سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی خالی جگہوں پر لکھئے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔ بیس منٹ کے بعد یہ حصہ واپس لے لیا جائے گا اور فوراً بعد انشائیہ طرز کا پرچہ تقسیم کر دیا جائے گا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

1- (الف) خالی جگہ پر کیجئے 5

(۱) آل انڈیا مسلم لیگ سن ---------- میں قائم ہوئی۔

(۲) پاکستان کے پہلے وزیراعظم ---------- تھے۔

(۳) پاکستان کی قومی زبان ---------- ہے۔

(۴) پاکستان کی بلند ترین چوٹی ---------- ہے۔

(۵) ایکو (E.C.O) کا پرانا نام ---------- تھا۔

(ب) ہر فقرے کے لئے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب منتخب کر کے خالی جگہ پر کیجئے 5

(۱) قرارداد پاکستان ---------- میں منظور ہوئی۔

(۱۹۱۰ء۔ ۱۹۴۰ء۔ ۱۹۴۵ء)

(۲) قائداعظمؒ نے یکم جولائی ---------- کو سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح کیا۔

(۱۹۴۶ء۔ ۱۹۴۷ء۔ ۱۹۴۸ء)

(۳) پاکستان میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس ---------- میں منعقد ہوئی۔

(لاہور۔ کراچی۔ اسلام آباد)

(۴) پاکستان کی تقریباً ---------- فیصد آبادی دیہات میں رہتی ہے۔

(۶۰۔ ۷۰۔ ۸۰)

(۵) پاکستان نے ---------- میں ایٹمی دھماکے کیے۔

(۱۹۹۶ء۔ ۱۹۹۸ء۔ ۲۰۰۰ء)

(ج) مندرجہ ذیل فقرات اگر درست ہیں تو لفظ "درست" کے گرد اور اگر غلط ہیں تو لفظ "غلط" کے گرد دائرہ لگائیے۔ 4

(۱) سندھ کو باب الاسلام کہتے ہیں۔ درست / غلط

(۲) ڈھاکہ کو پاکستان کا پہلا دارالحکومت قرار دیا گیا۔ درست / غلط

(۳) چولستان کا ریگستان بہاولپور میں واقع ہے۔ درست / غلط

(۴) وادی سندھ کی تہذیب دیہاتی تھی۔ درست / غلط

# انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2004ء

مطالعہ پاکستان (لازمی) — انشائیہ طرز

وقت: ایک گھنٹہ چالیس منٹ — کل نمبر: 36

## (دوسرا گروپ)

کل تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ سب سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

2- (الف) مسلم لیگ کے قیام کے اغراض و مقاصد بیان کیجیے۔

(ب) جدوجہد آزادی میں مسلم اقلیتی صوبوں کا کردار لکھیے۔

3- (الف) پاکستان میں جمہوریت کی راہ میں رکاوٹوں پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

(ب) اسلامی کانفرنس کی تنظیم کی تفصیلات پر بحث کیجیے۔

4- (الف) پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت بیان کیجیے۔

(ب) پاکستانی کلچر کے خدوخال بیان کیجیے۔

5- (الف) پاکستان کی آب و ہوا پر نوٹ لکھیے۔

(ب) اردو زبان پر نوٹ لکھیے۔

6- (الف) کرپس مشن کی تجاویز کیا تھیں؟

(ب) پاکستان کے آئین 1973ء کی اسلامی دفعات تحریر کیجیے۔

7- (الف) آٹھویں پانچ سالہ منصوبے (1993-98) کے بنیادی مقاصد تحریر کیجیے۔

(ب) پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

www.Say2Learn.com